خاندان

عزیز اہلِ خانہ،

ہمارے نصب االعین کا مرکز یہ یقین ہے کہ خاندان کی شمولیت اور شراکت خاندانوں اور اسکولوں کے مابین ایک اہم، دو طرفہ باہمی تبادلہ ہے۔ ہم صرف ایکدوسرے کے ساتھ ملکر ہی ہرطالب علم کی کامیابی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ میں ہمارے مطالعے کی تدریس کے طریقۂ کار میں ایک اہم تبدیلی کا آپکے ساتھ اشتراک کرنے میں پُرجوش ہوں۔

اس سال ہم نے ایک جرأت مندانہ منصوبہ تشکیل دیا ہے: یہ یقینی بنانا کہ ہمارے طلبا میں سے ہر ایک عظیم مطالعہ نگار ہے۔ ایسا کرنے کے لیے، ہم نے این وائی سی ریڈز کا آغاز کیا ہے، جو 50 سال کے ثبوت پر مبنی طریقۂ کار استعمال کرتا ہے جسے ہمارے بچوں کو مطالعہ کرنا سیکھانے کے لیے مطالعے کی سائنس (science of reading) کہتے ہیں۔ مطالعے کی سائنس کیوں؟ یہ طریقِ کار ہمیں اس کی واضح تصویر پیش کرتا ہے کہ بچے کس طرح الفاظ کو پڑھنا سیکھتے ہیں، اپنا ذخیرہ الفاظ کیسے بڑھاتے ہیں، اور یہ سمجھتے ہیں کہ کہانیوں میں کیا ہورہا ہے۔

این وائی سی ریڈز کے ایک جز کے طور پر، ہم آپکو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ آپکے بچے کا اسکول مطالعے کا نصاب استعمال کررہا ہے جسکی بنیاد مطلعے کی سائنس پر ہے۔ مطالعے کی تدریس پانچ بنیادی مطالعے کی صلاحیتوں کو تعمیر کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی:

1. صوتیاتی آگہی (الفاظ کی آواز نکالنا)
2. صوتیات (حروف کی ادائیگی کی آواز)
3. ذخیرۂ الفاظ (الفاظ کی پہچان)
4. روانی (آسانی سے مطالعہ)
5. مطالعہ کا فہم و ادراک (کہانیوں کو سمجھنا)

این وائی سی ریڈز مؤثر طریقے سے مطالعہ کی تدریس دینے اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہر بچے کے پاس ایک تابناک مستقبل کے لیے روشن آغاز ہے ہمارے خاندانوں اور معلمین کو وسائل اور ذرائع سے آراستہ کرنے کے لیے پُرعظم ہے۔ این وائی سی ریڈز کے بارے میں مزید جاننے کے لیے ہماری ویب سائٹ **schools.nyc.gov/NYCReads** پر جائیں۔

ایک وعدہ اور ایک دعوت نامہ

اس پُرجوش منتقلی کے آغاز پر، میں آپکو بتانا چاہتا ہوں کہ ہماری توجہ مستحکم ہے: یہ یقینی بنانا کہ ہر بچہ نہ صرف پڑھنا سیکھے بلکہ مطالعے کا شدید شوق بھی پیدا کرے۔ جب آپ سال بھرکے دوران خاندانوں کے لیے کانفرنسوں میں شرکت کریں گے، میں آپکو تجویز کرتا ہوں کہ اپنے بچے کے استاد سے ایسے سوالات پوچھیں جیسے:

- میرا بچہ مطالعے کی کونسی مخصوص صلاحیتوں پر کام کر رہا ہے؟
- کیا میرے بچے کی مطالعے کی صلاحیتوں میں کوئی خاص صفتیں یا کمزوریاں ہیں؟
- گھر پر میں اپنے بچے کے مطالعے کے فروغ میں کس طرح معاونت کر سکتا ہوں؟

میں آپ کو اس سفر میں ہمارے ساتھ شامل ہونے کی دعوت دیتا ہوں۔ آئیں ہم ملکر کام کریں — خاندان، معلمین، اور برادری — ہمارے بچوں کی معاونت کرنے میں۔ سائنس آف ریڈنگ کے بارے میں جاننے کے لیے مزید مواقع ہونگے، وہ طریقے جن سے آپ گھر پر مدد کرسکتے ہیں، اور بات چیت اور تبصرات کے لیے جگہیں۔

شراکت میں،

Kenita Lloyd
ڈپٹی چانسلر
خاندانی اور اجتمائی شمولیت اور بیرونی امور
این وائی سی پبلک اسکولز

FACE
Office of Family and Community Engagement

NYC Public Schools
Eric Adams
Mayor
David C. Banks
Chancellor

بولنے / سننے کی سرگرمیاں

کہانی سنانے کی راتیں

کہانی سنانے کی راتوں کا اہتمام کریں جہاں خاندان کا ہر رکن اپنی پسندیدہ کہانی سنائے گا یا اپنی ایک کہانی تخلیق کرے گا۔

گانے کے اشعار

موسیقی سنیں اور (گانے) کے اشعار پر بات چیت کریں۔ آپ ان کو پرنٹ بھی کر سکتے ہیں اور گانا سنتے ہوئے ان کو ساتھ ساتھ گا سکتے ہیں۔

وضاحت کرنے کی مشقیں

بات چیت کرتے ہوئے صراحت اور تلفظ کو بہتر بنانے کے لیے بطور خاندان زبان لڑکھڑانے والے الفاظ کی مشقیں کریں، وضاحت کرنے کی، اور گانا گانے کے لیے آواز کو تیار کرنے کی مشقیں کریں۔

مباحثے کی راتیں

دلچسپ موضوعات پر دوستانہ مباحثوں کا اہتمام کریں، جن میں خاندان کے ارکان اپنے نقطہ نظر کا اظہار کریں اور جوابی دلائل کو دھیان سے سنیں۔

تھیٹر اور فنکاری

تھیئٹر کی فنکارانہ پیشکشوں میں جائیں یا خاندان دوستانہ فنکارانہ کلاسوں میں شرکت کریں، بولنے اور سننے، دونوں میں تخلیق کی حوصلہ افزائی کریں۔

TED TALK بات چیت

بطور خاندان TED Talk دیکھیں اور اس کے بعد (اس کے متعلق) بات چیت میں مشغول ہوں، پیش کیے گئے خیالات پر آگہی اور تبصرات کا اشتراک کریں۔

لسانی کھیل

لسانیت سے متعلقہ کھیل کھیلیں جیسے کہ لفظ کی وابستگیاں، اشاروں کے کارڈز کے ساتھ کہانی سنائیں، یا لسانی تعلیم کو پُرلطف بنانے کے لیے ذخیرہ الفاظ میں اضافہ کرنے والے کھیل کھیلیں (مثلاً ٹیبو، ٹیلیفون، ہیڈز اپ)۔

انٹرویو کی مشق

جوڑیاں بنائیں اور مخصوص موضوعات پر ایک دوسرے کا انٹرویو کرنے کے لیے باریاں لیں، خاندان کے ارکان کی سوالات پوچھنے کی اور پُرتفکر جوابات فراہم کرنے، دونوں (کاموں) میں ان کی مدد کریں۔

نظمیں پڑھنا

نظمیں پڑھنے کے سیشنز کا انعقاد کریں جن میں خاندان کا ہر رکن پڑھنے کے لیے ایک نظم کا انتخاب کرتا ہے، یہ اظہار کرنے والی گفتگو کو اور توجہ کے ساتھ سننے کو پروان چڑھاتا ہے۔

بات چیت کے گروپ

ایک موجودہ واقعہ یا سوچ کو متحرک کرنے والے موضوع کو منتخب کریں اور اہلِ خانہ کی بات چیت کے گروپس میں مشغول ہوں، جو ہر ممبر کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے اور دوسروں کی بات کو دھیان سے سننے میں مدد کرے گا۔

مجمع میں تقریر کرنے کے چیلنج

مجمع میں تقریر کرنے کے پُرلطف چیلنج تخلیق کریں، جیسے کہ پسندیدہ موضوعات پر مختصر تقریر کرنا یا تقریر کرنے کے اعتماد کو تقویت دینے کے لیے پیشکشیں کرنے کی مشق کرنا۔